وضو کے تین گھونٹ

پانی کے کرشمات

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مدظلہم

وضو کے بعد تین گھونٹ
پانی
کے کرشمات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
(پی۔ ایچ۔ ڈی: امریکہ)

حالِ دل

اگر غور کیا جائے تو دینِ اسلام نے ہر عمل اور ہر نعمت کی قدر و اہمیت کو اُجاگر کیا ہے اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی قدر کرتے ہیں تو منزلیں خود آگے بڑھ کر اُن کے قدم چومتی ہیں اور کامیابیاں وکامرانیاں اُن کا مقدر بن جاتی ہیں چاہے وہ قدردانی جان و مال کی ہو، یا وقت و اعمال کی ہو۔۔۔!

یہی وجہ تھی کہ تمام انبیاء علیھم السلام، صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم اجمعین، اور اکابرِ اولیاء رحمھم اللہ تعالیٰ۔۔۔ اپنے جان، مال، وقت اور اعمال کی بھی حفاظت کرتے تھے، اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا غیبی نظام ان کے ساتھ ہو گیا تھا اور ہوائیں وفضائیں اور مخلوقات اللہ پاک نے ان کے تابع کر دی تھیں اور وہ دونوں جہانوں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے کامیاب ہو گئے۔

سدا یاد رکھئے گا اللہ والو۔۔۔! جس کو مِلا ہے محض قدر کرنے سے مِلا ہے اور جس سے چھنا بے قدری سے چھنا ہے۔ اسی طرح وضوء کا عمل بھی اللہ تعالیٰ کی بڑی عظیم نعمت ہے۔ وضو اتنی برکتوں اور رحمتوں کا خزانہ ہے جو حدوشمار سے باہر ہیں آپ ذرا سوچیں تو سہی۔۔۔۔! وضوء سے دنیا و آخرت میں بہت بڑی بڑی کامیابیاں ملیں گی مثلاً:

(1) نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ وضوء کرنے سے اللہ پاک گناہوں کو معاف کرتا ہے اور آخرت کے بڑے مرتبے دیتا ہے اور اس سے بدن کے تمام گناہ نکل جاتے ہیں۔

(2) وضوء کا پانی جن اعضاء پر پڑتا ہے وہ اعضاء قیامت کے دن نہایت ہی چمکدار اور روشن ہوں گے۔

(3) وضوء کرنے کی وجہ سے ہی نبی کریم ﷺ قیامت کے دن اپنی امت کو پہچانیں گے۔

(4) باوضوء رہنے سے انسان شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔

(5) باوضوء مرنے والے کی موت شہادت کی موت ہے۔ (صحیح مسلم)

(6) باوضوء سونے والے کے لیے ایک فرشتہ ساری رات مغفرت کی دعا کرتا رہتا ہے۔ (صحیح مسلم)

(7) جو شخص وضوء کرتے وقت یہ دعا پڑھتا ہے اسکے لیے مغفرت کا ایک پرچہ لکھ کر اس پر مہر لگا کر قیامت کے دن تک رکھ دیا جاتا ہے۔ اور یہ مہر قیامت تک نہ توڑی جائے گی۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ (حصن حصین)

ارے اللہ والو! جب وضوء پر آخرت کی جو کہ ہمیشہ ہمیشہ کی نہ ختم ہونے والی زندگی ہے، اُس زندگی میں اتنی بڑی بڑی کامیابیاں مل رہی ہیں تو کیا ہماری اِس دنیا کی یہ چھوٹی چھوٹی بیماریاں ختم نہیں ہو سکتیں؟؟..... ہر وقت باوضوء رہنا مستحب ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو اعمال پر کامل یقین عطا فرمائے۔

وضوء کے بغیر ہم نماز جیسی اہم عبادت جو کہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا بڑا ذریعہ ہے اس سے محروم رہ جاتے ہیں اور مالکُ الملک کی وہ عظیم الشان کتاب (قران مجید) جس میں دنیا کی کامیابی کے اُصول اور اس کے ساتھ ساتھ آخرت کی بھی ہمیشہ ہمیشہ کی کامیابی کے اُصول اور قیامت میں پیش آنے والے معاملات کی سچی باتیں موجود ہیں اِس پُرھدایت کتاب کو بھی ہم وضوء کے بغیر ہاتھ نہیں لگا سکتے نہ ہی اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ دراصل یہ وضوء کُنجی ہے دنیا و آخرت میں کامیاب ہونے کی۔ ہر چیز کی اہمیت اس کی نسبت کی وجہ سے ہوتی ہے۔ جس طرح اینٹ کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے مگر جب وہی اینٹ بیت اللہ کے ساتھ جڑی اور اس کی نسبت بیت اللہ کے ساتھ ہوئی تو اس کا مقام کہاں سے کہاں چلا گیا۔ اسی طرح کاغذ کی بذاتِ خود کچھ خاص اہمیت نہیں ہے لیکن جب یہی کاغذ قرآن مجید میں استعمال ہوا تو اس کو غلافوں میں سجایا گیا آنکھوں سے لگایا گیا۔۔۔، پانی تو خود ایک بہت بڑی نعمت ہے اور جب اس کی نسبت وضوء کے ساتھ ہوئی تو اس کی قدر و منزلت کو اللہ پاک نے مزید بلند کر دیا اور اللہ پاک نے ہر طرح کی شفاء اور نفسیاتی، ذہنی اُلجھنوں، ٹینشن، اینگزائٹی روحانی بیماریوں حتیٰ کہ نافرمانی اور بداخلاقی کا علاج بھی سو فیصد اس کے اندر رکھا ہے۔

خواستگار اخلاص و عمل

بندہ محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی عفی اللہ عنہ

وضوء کا بچا ہوا بابرکت پانی

وضوء کے بعد بچا ہوا پانی پینا، سرورِ کونین آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت ہے۔ چنانچہ

(۱) ترمذی شریف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے وضوء فرمایا تمام اعضاءِ وضوء تین تین مرتبہ دھوئے ایک مرتبہ سر کا مسح کیا پاؤں دھونے کے بعد کھڑے ہو کر وضوء کے بچے ہوئے پانی کو نوش فرمایا پھر ارشاد فرمایا: میں نے ایسا اس لیے کیا ہے تاکہ آپ کو دِکھلاؤں کہ حضور ﷺ کیسے وضوء فرماتے تھے۔ (سنن نسائی، ملخصاً)

(۲) حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے مجھے میری خالہ حضور ﷺ کی خدمت میں لے گئیں اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! یہ میرا بھانجا بیمار ہے۔ آپ ﷺ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا، دعا کی پھر آپ ﷺ نے وضوء فرمایا اور میں نے آپ ﷺ کے وضوء کا بچا ہوا پانی پی لیا۔ (صحیح بخاری، ج1، ص31)

{۳} حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے تو میں بیمار تھا۔ نبی ﷺ نے وضوء فرمایا اور وضوء کا بچا ہوا پانی مجھ پر ڈال دیا یا ڈلوا دیا تو اس کی برکت سے مجھے ہوش آ گیا۔۔۔ اور شفایابی ہو گئی۔

{۴} ایک طویل روایت میں ہے کہ ایک دفعہ حضور ﷺ سفر میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ ایک سفر میں تشریف لے جا رہے تھے کہ قافلہ نے ایک مقام پر پڑاؤ کیا آپ ﷺ کے وضوء کیلئے جو پانی لایا گیا وہ مقدار میں بہت ہی کم تھا آپ ﷺ نے وضوء فرمانے کے بعد اس میں سے بھی پانی بچا لیا اور صحابہؓ سے فرمایا کہ اس پانی کو حفاظت سے رکھنا کہ اس پانی کی اپنی شان ہے (صحیح مسلم)

{۵} حضرت جحیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ دوپہر کے وقت ہمارے پاس تشریف لائے تو وضوء کے لئے آپ ﷺ کی خدمت میں پانی لایا گیا آپ ﷺ نے وضوء کیا اور لوگ آپ ﷺ کے وضوء کا بچا ہو پانی لے کر اپنے چہرے اور آنکھوں پر ملنے لگے۔

(صحیح بخاری، ج1، ص نمبر 31) (تلخیص احادیث)

{۶} وضوء کا بچا ہوا پانی پینے میں یہ راز ہے کہ جس طرح انسان ظاہری اعضاء پر پانی ڈال کر ظاہری اعضاء کے گناہوں سے تائب اور طالبِ مغفرت ہوتا ہے ایسے ہی وضوء کرنے والے کے وضوء کا بقیہ پانی پینے سے اشارہ ہوتا ہے کہ میرے خدا جس طرح تو نے میرے ظاہر کو پاک کیا اسی طرح میرے باطن کو بھی پاک کر دے۔ (مظاہر حق جدید)

{۷} وضوء کے پانی میں ایک خاص طرح کی برکت ہے اور نیک تاثیر ہے، اس لئے وضوء کے بچے ہوئے پانی کو پی لینا چاہئے اور پانی کو کھڑے ہو کر پینا جائز ہے۔

(المصالح العقلیہ۔ ص، ۱۷)

ہر ناشکری سے حفاظت کی دعا

اَللّٰھُمَّ مَآ اَصْبَحَ (اَمْسٰی) بِیْ مِنْ نِّعْمَةٍ أَوْبِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ o

فضیلت: جو شخص صبح اور شام کے وقت ایک مرتبہ مندرجہ بالا دعا پڑھ لے تو اس نے چوبیس گھنٹے کی نعمتوں کا شکرادا کر دیا۔ **نوٹ:** صبح کو دعا پڑھتے وقت "اَصْبَحَ" پڑھیں اور شام کو پڑھتے وقت "اَمْسٰی" پڑھیں

وضوء کے بچے ہوئے پانی پر سائنسی ریسرچ

وضوء کے دینی فوائد تو مسلّم ہیں ہی لیکن آج کی طبِّ جدید بھی وضوء کے معجزانہ کمالات کو تسلیم کر چکی ہے۔ وضوء انسانی جلد کو نرم رکھتا ہے۔ جس کی وجہ سے سورج سے نکلنے والی نقصان دہ شعاعیں کم اثر کرتی ہیں۔ اسی طرح وضوء بہت سے کیمیاوی موادات کو جو مضرِ صحت ہوں ان کو جلدِ انسانی میں سرایت کرنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ گویا وضوء روزمرہ زندگی میں جراثیم کے خلاف ایک بہت بڑی ڈھال ہے۔

ایک ماہر قلب کہنے لگے: میرا بارہا کا مشاہدہ ہے کہ ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو وضوء کراؤ پھر اس کا بلڈ پریشر چیک کرو لازمی کم ہوگا۔ وضوء نفسیاتی امراض کے خاتمے کا ایک بہترین نسخہ ہے۔ مغربی ماہرین نفسیات، نفسیاتی مریضوں کو روزانہ کئی بار وضوء کی طرح بدن پر پانی لگواتے ہیں۔

(Q.M.C) کے ڈاکٹر فاروق احمد صاحب نے اپنی ریسرچ بیان کی ہے **{1}** جو شخص وضوء کا بچا ہوا پانی پیئے گا تو اس کا پہلا اثر مثانے پر پڑتا ہے اور خوب کُھل کر پیشاب آتا ہے اور پیشاب کی رکاوٹ کم ہو جاتی ہے۔

(2) ناجائز شہوت ختم کرنے کے لیے اور قطراتِ پیشاب روکنے کے لیے میرا آزمودہ ہے۔

(3) جگر معدے اور مثانے کی گرمی اور خشکی کے لیے شفاء کا ضامن ہے۔

وضوء سے اوراس کے بچے پانی سے بیماریاں دور ہونے کی یہ سائنسی تحقیقات ہیں۔ چونکہ وضوء اہم ترین عبادات کا ذریعہ ہونے کے ساتھ ساتھ خود بھی ایک عبادت ہے اس لیے اس کے بچے ہوئے پانی میں ایسی برکت، عافیت اور شفائی اثرات ہیں جو زم زم کے علاوہ کسی پانی میں نہیں ہیں۔

وضوء کا بچا ہوا پانی پینے کا طریقہ

کسی بھی بیماری سے شفاء، مشکل و پریشانی سے نجات اور روحانی وجسمانی انوارات و برکات وترقیات کیلئے بزرگوں کا آزمودہ عمل ہر دفعہ ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' پئیں پہلے گھونٹ پر ''اَللّٰہُ شَافِیْ'' دوسرے پر ''اَللّٰہُ کَافِیْ'' اور تیسرے ''اَللّٰہُ مُعَافِیْ'' پڑھتے ہوئے اللہ جل شانہ سے اپنی بیماری، پریشانی سے نجات کیلئے دعا کریں۔

''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' اپنے علاوہ کسی اور کی نیت سے بھی پیئے جا سکتے ہیں مثلاً: چھوٹے بچوں یا ایسے معذور مریض جو خود وضوء کرنے کی سکت نہ رکھتے ہوں ایسے لوگوں کی طرف سے بھی آپ یہ پانی پی سکتے ہیں۔

عموماً نلکے یا ٹونٹی والے بیسن سے وضوء کیا جاتا ہے اس لیے ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' بھی وہیں سے پی لیا جائے۔ اس کے علاوہ وضوء نہر، تالاب، دریا، سمندر، چشمہ جہاں سے بھی کیا جائے، بس وہیں سے آخر میں تین گھونٹ پانی پی لیں یہی پانی وضوء کا بچا ہوا پانی شمار ہوگا۔

وضوء کے فرائض

وضوء کے چار فرائض ہیں۔

(۱) چہرہ دھونا یعنی پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان سے دوسرے کان تک چہرہ دھونا۔

(۲) دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا۔

(۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا۔

(۴) دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

☆☆☆☆☆☆

وضوء کا طریقہ

سب سے پہلے نیت کریں پھر صاف برتن میں پاک پانی لے کر پاک وصاف اُونچی جگہ پر بیٹھیں۔ قبلہ کی طرف منہ کرلیں تو اچھا ہے۔ میرے مُرشد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے تھے کہ وضوء سے پہلے اپنے دل کی گہرائیوں سے یہ نیت کرلیا کرو: ''یا اللہ! میں آپ کی توفیق سے اپنے ظاہر کو پاک کرتا ہوں آپ اپنی قدرت سے میرے باطن کو پاک فرما دیجئے۔'' اس طرح نیت کرلی جائے تو بہت فیوض و برکات اور خوب پاکیزگی حاصل ہوگی پھر بسم اللہ پڑھیں اور تین مرتبہ گٹوں تک ہاتھ دھوئیں۔ تین مرتبہ کُلی کریں۔ پھر مسواک کریں اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانت مل لیں پھر تین بار ناک میں پانی ڈال کر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے ناک صاف کریں۔ پھر تین مرتبہ چہرہ دھوئیں۔ پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور دونوں کانوں تک چہرہ دھونا چاہئے۔ پھر کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھوئیں۔ پہلے دایاں ہاتھ تین بار، پھر بایاں ہاتھ تین بار دھوئیں۔ پھر ہاتھ تر کر کے سر کا مسح کریں۔ اسکے بعد کانوں کا مسح کریں پھر گردن کا مسح کریں، مسح ایک بار کرنا چاہئے۔ پھر تین تین مرتبہ دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئیں، پہلے دایاں پھر بایاں پاؤں دھونا چاہئے اور ہاتھ کی انگلی سے پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا چاہئے نیز جو مرد اور عورتیں ہاتھ اور پیر میں انگوٹھی یا چھلّے پہنتے ہیں ان کو چاہئے کہ ان کو ہلا لیں۔ اگر ان کے نیچے پانی نہ پہنچا تو سرے سے وضوء ہی نہ ہوگا جب وضوء نہیں ہوگا تو نماز نہیں ہوگی، اور یہی حکم دوسرے سخت زیور اور جسم سے لگی چوڑیوں کا بھی ہے ان کو بھی ہلا لینا چاہئے۔

وضوء کے مستحبات وآداب

(۱) وضوء کے درمیان دنیوی گفتگو نہ کی جائے۔

(۲) وضوء کے بعد بچے ہوئے پانی کو کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر پینا کیونکہ آپ ﷺ سے وضوء کے بچے ہوئے پانی کو کھڑے ہو کر پینا ثابت ہے۔ (قاموس الفقہ بحوالہ درمختار)

(۳) وضوء کے بعد قبلہ رُخ کھڑے ہو کر کلمہ شہادت پڑھے کہ حدیث میں اس کی فضیلت آئی ہے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

(۴) وضوء کے بعد یہ دعا پڑھنا منقول ہے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَہِّرِیْنَ o

(۵) اگر وقت مکروہ نہ ہوتو وضوء کے بعد تحیۃ الوضوء کی نیت سے دو رکعت نفل پڑھ لئے جائیں (درمختار)

لوگوں کے موصول شدہ حیران کن مشاہدات

آدھا کلو کے برابر رسولی

حضرت جی دامت برکاتہم! میری Wife کے پیٹ میں رسولی تھی جو کہ لیڈی ڈاکٹر نے بتایا تھا کہ مالٹے سے تھوڑی بڑی ہے اور اس کا وزن تقریباً آدھا کلو ہے تو میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ تم **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** اس نیت سے پیا کرو کہ اس کی برکت سے یہ رسولی ختم ہو جائے اور چوتھا گھونٹ پیٹ پر لگا لیا کرو اللہ پاک اس عمل کی برکت سے شفاء دے گا۔

تقریباً ایک مہینہ تک یہی عمل کرتے رہے اور پھر جب ''UltraSound'' کروایا تو وہ ڈاکٹر کہنے لگی: وہ رسولی تو بالکل ختم ہی ہو گئی ہے۔ بالکل نظر نہیں آ رہی جبکہ اس سے پہلے جس ڈاکٹر نے بتایا تھا کہ تمہارے پیٹ میں رسولی ہے اس ڈاکٹر کا اپنا آپریشن ہوا ہے اور وہ ہسپتال میں پڑی ہوئی ہے۔ **(کامران شہزاد صاحب مانسہرہ)**

گھٹنوں کا درد ختم

مجھے ایک عرصہ سے گھٹنوں کی بیماری تھی ڈاکٹروں نے کموڈ استعمال کرنے کی تلقین کی، کام کاج پر پابندی لگا دی سیڑھیاں چڑھنے سے منع کر دیا بس بالکل ہی Bed سے لگا دیا۔ بہت دوائیں بھی دیں لیکن ان دواؤں سے کچھ فرق نہ پڑا۔۔۔۔۔۔ درد تھا کہ ختم ہونے کا نام ہی نہ لیتا تھا بے بس اور نا اُمید ہو کر دوائیاں لینا بھی چھوڑ دی تھیں پھر میں نے **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پینا شروع کر دیا اور صرف **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** کی برکت سے میرا گھٹنوں کے درد کا مسئلہ حل ہو گیا اور میں بالکل ٹھیک ہو گئی۔ **(اہلیہ مہتاب خان، لاہور)**

سر کے دیرینہ درد کا علاج

میرے ایک بہت قریبی دوست ہیں۔ ان کا تعلق راجن پور سے ہے لاہور سے B.com کیا ہے وہ میرے ساتھ آپ کے درس پر آتے رہتے ہیں۔ وہ بتا رہے تھے کہ مجھے مدتوں سے سر کا درد تھا یعنی بہت ہی لمبے عرصے سے تھا کافی علاج کروایا مگر درد ٹھیک نہیں ہوتا تھا۔

انھوں نے بتایا کہ جب سے **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پینے والا عمل شروع کیا ہے اس دن سے سر کا درد اللہ پاک نے ٹھیک کر دیا ہے۔ **(عبدالحنان)**

پیٹ کا درد ختم

میرے پیٹ میں بہت درد تھا حکیم صاحب نے درس میں **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پینے کا جو عمل بتایا تھا وہ کیا اور ایک لاہوتی وضوء کے بارے میں بتایا تھا وہ بھی کیا میرا درد اُسی وقت ٹھیک ہو گیا۔ **(بنت طارق سعید، لاہور)**

وضاحت: لاہوتی وضوء کا طریقہ یہ ہے کہ وضوء کرتے وقت مکمل سُنتوں کا خیال رکھا جائے اور ہر عضوء کو دھوتے وقت گناہوں کے دُھلنے کا تصور کیا جائے مثلاً کلی کرتے وقت زبان سے ہونے والے گناہ (غیبت، چغلی، جھوٹ، گالی وغیرہ) دُھلنے کا تصور کیا جائے اسی طرح ہر اعضاء کو دھوتے وقت اس سے متعلقہ گناہ دھلنے کا سوچا جائے۔۔۔ الخ۔ (لاہوتی وضوء کی تفصیل اور حیرت انگیز انکشافات جاننے کے لیے حضرت حکیم صاحب مدظلہ کا یکم جولائی 2010 کا درس سماعت فرمائیں جو ادارہ عبقری لاہور سے شائع ہو چکا ہے)

اور جو صاحبِ کشف ہوتے ہیں ان کو گناہوں کا دُھلنا نظر بھی آ جاتا ہے جیسا کہ امامِ اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کو وضوء کے ذریعے گناہوں کا دُھلنا محسوس ہو جاتا تھا۔

سر کے مستقل درد کا علاج

میری ایک شاگرد ہے جس کے سر میں اکثر بہت زیادہ درد رہتا تھا جس کی وجہ سے وہ بہت Disturb رہتی تھی میں نے ہمیشہ اسے **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پینے کا کہا اور چوتھا گھونٹ سر پر لگانے کو کہا۔ اس نے یہ عمل شروع کیا تب سے اس کے سر کا درد غائب ہو گیا یہ اس بابرکت عمل کی برکت ہے۔ **(نگہت)**

ہڈیوں کی ٹی بی کا خاتمہ

میں نے **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** کے بارے میں جب سنا تو مسئلے مسائل تو اور بھی تھے مگر اس وقت سب سے بڑا مسئلہ میری والدہ کی صحت کا تھا میں نے اس نیت سے پینا شروع کر دیا کہ اللہ پاک میری والدہ کو صحت دے ان کو ہڈیوں کی ٹی بی ہو گئی تھی۔ بس یقین کے ساتھ میں نے یہ عمل شروع کر دیا تو اُن کے جسم کے تمام درد ختم ہونا شروع ہو گئے۔

(سلمٰی نورین)

شدید کھانسی کا خاتمہ

میری بھتیجی کو شدید کھانسی اور ریشہ بہت زیادہ تھا۔ ڈاکٹروں نے ’’Hospital‘‘ جانے کا مشورہ دیا انہوں نے دوائیاں لکھیں سب دوائیں کھلائیں مگر اس کی کھانسی میں ذرّہ برابر بھی فرق نہ آیا پورا گھر اس کی تکلیف کی وجہ سے Disturb تھا کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ آخر ایسا کیا کریں کہ اس کو کچھ دیر کیلئے آرام آجائے پھر مجھے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینے کا عمل یاد آیا، میں نے اس کی نیت کر کے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘ پیا تو اس کی کھانسی بند ہوگئی۔ سارے کہتے ہیں اس کی کھانسی خود ہی ٹھیک ہوگئی ہے میں نے انہیں بتایا کہ نہیں بلکہ یہ تو **وضوء کے پانی** سے ٹھیک ہوئی ہے۔ (**بنت اشرف، لاہور**)

گردوں کے درد کا علاج

درس میں آنے سے سکون ملا ہے جس دن نہ آئیں لگتا ہے کوئی چیز کھو دی ہے میرے گردے میں بہت زیادہ درد تھا کسی حال میں سکون نہ تھا جب سے میں نے **وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینا شروع کیے ہیں مجھے سکون ملا ہے اور درد کم ہوگیا ہے۔ (**اہلیہ احمد**)

گلے کی تکلیف سے نجات

حکیم صاحب! میرے دفتر میں ایک نئی دوست آئی ہے۔ اس کو گلا خراب رہنے کی شکایت تھی اس کو ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینے کا بتایا تو اس کا گلا بھی ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ سے بہتر ہوگیا۔ مجھے کوئی بھی تکلیف ہو تو میں **تین گھونٹ پانی** پی لیتی ہوں تو وہ تکلیف، غم، دکھ، درد اور حاجت پوری ہو جاتی ہے۔ (**فرحت، لاہور**)

پیچیدہ مرض سے نجات

’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینے سے میرا ایک پیچیدہ مرض ٹھیک ہوگیا برسوں سے مجھے ایک سنگین مرض تھا جس کا میں نے بہت علاج بھی کروایا کوئی آرام نہ آیا۔ وضوء کے اس عمل سے میرا برسوں پرانا نا قابل بیان مرض ٹھیک ہوگیا اللہ کا شکر ہے۔ (**س۔م**)

منہ کے چھالوں کا علاج

عید کے دنوں میں میرے منہ کے اندر چھالے نکل آئے اور اِن چھالوں کی وجہ سے کوئی بھی چیز اچھی نہ لگتی تھی، منہ میں شدید جلن ہوتی تھی۔ کم مرچوں والا سالن بھی نہیں کھایا جاتا تھا تین سے چار نوالے لیتا تو اس کے ساتھ دو یا تین گلاس پانی پی جاتا، میری پوری عید انہی چھالوں کی نظر ہوگئی۔ پھر میں نے ہر نماز سے پہلے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینا شروع کر دیا، تقریباً دو دن ہی پیا ہوگا تو میرے منہ کے چھالے بالکل ہی ختم ہو گئے کہ جیسے کبھی ہوئے ہی نہ تھے (**عبدالرحیم، دادو**)

دانے ختم ہوگئے

حضرت میرے منہ پر موٹے موٹے پیپ والے دانے نکل آئے پھر میں نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ کا عمل کیا تو دانے بالکل ختم ہوگئے۔ (**م۔غ۔ر**)

پالتو مور کی بیماری ختم

ابھی پچھلے ہفتے ہی ہمارا ایک بہت خوبصوت مور شدید بیمار ہوگیا ہم نے اپنے طور پر اس کا علاج بھی کیا مگر مرض بڑھتا گیا۔ ایک دن میں اسے دیکھنے گئی تو اس کے چہرے کی اُداسی نے میرے پاؤں کے نیچے سے زمین کھسکا دی، مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ احساس ہوا کہ واقعی زندگی کی روشنی آنکھوں میں ہوتی ہے جو کہ مور کی آنکھوں میں ناپید تھی میں نے اس کا چہرہ اپنے ہاتھ پر رکھا اور بے اختیار رونے لگی اور اللہ سے اپنی بے بسی کی فریاد کرنے لگی پھر میں نے وضوء کیا اور ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ ایک برتن میں جمع کیا اور اس مور کو پلا دیا۔ پھر میں نے اذان اور سورۂ مومنون کی آخری چار آیات سات بار (اس وظیفے پر ادارہ عبقری کی کتاب ملاحظہ فرمائیں) پڑھ کر مور کے پہلے دائیں کان میں پھونک ماری پھر اسی طرح پڑھ کر بائیں کان میں پھونک ماری اور ہمارا مور بالکل ٹھیک ہوگیا۔ (**ر۔ع**)

گرمی دانے ختم

حکیم صاحب! میرا ایک چھوٹا بھائی ہے حمزہ اس کی عمر 14 سال ہے اس کے جسم پر گرمی دانے بہت زیادہ ہوگئے تھے اس نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ والا عمل کیا اور اس عمل سے اس کے گرمی دانے ختم ہوگئے۔ حضرت وہ بہت شرارتی بھی ہے بس ہر وقت کھیلتا رہتا ہے قرآن پاک نہیں پڑھتا اور اسکول بھی نہیں جاتا۔

ایک بار گھر سے باہر کھیلنے گیا اور جب واپس آیا تو ماما کی ڈانٹ کا ڈر تھا تو اس نے گیارہ بار ’’یاحفیظ‘‘ پڑھ لیا تو ماما نے اسے کچھ نہیں کہا۔ (**شیزا ماہین، لاہور**)

پیٹ کے مروڑ سے نجات

محترم حکیم صاحب! میں اپنے دفتر میں بیٹھی ہوئی تھی کہ اچانک دوپہر کے کھانے کے بعد میرے پیٹ میں درد کا گولہ اٹھا پھر میں نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ درد سے چھٹکارے کی نیت سے پیا تو تھوڑی دیر بعد درد ٹھیک ہوگیا۔ (**فرحت، لاہور**)

الرجی سے شفاء یابی

’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینے والا عمل حیرت انگیز تاثیر رکھتا ہے۔ مجھے کبھی کبھی Skin الرجی کا مسئلہ ہو جاتا ہے خاص طور پر جب کسی تکلیف کی وجہ سے انگریزی دواء مجبوراً استعمال کرنی پڑ جائے تو مصیبت آجاتی ہے۔ Skin پر دانے سے نکلنے شروع ہو جاتے ہیں اب تو ہلکی سی دوا کھانا بھی بہت مشکل لگتی ہے میں نے ’’**وضوء کے بعد تین**

گھونٹ پانی‘‘ والا عمل شروع کر دیا بغیر کسی دواء کے حیرت انگیز طور پر آرام آ گیا۔

شدید گرمی میں پسینوں سے نجات

حضرت جی! ’’**وضوء کے تین گھونٹ پانی**‘‘ والے عمل سے یہ فائدہ ہوا کہ میں بیکری میں کام کرتا تھا مجھے گرمی بہت لگتی تھی اور مجھے کھڑے کھڑے پسینے آتے تھے۔ میں اس بیماری سے بہت پریشان تھا جس دن سے یہ عمل کیا اب میں ٹھیک ہوں روزے بھی پورے رکھے۔ **(محمد اکرم، تحصیل دنیا پور)**

طبیعت میں غصّہ اور سختی کا علاج

حضرت آپ نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ کا عمل بتایا تھا۔ ہمارے مدرسے میں اساتذہ نے بھی کیا اور اس کے بہت ہی زیادہ نفعے پائے، پہلے میں کسی خاص مقصد سے تو نہیں پیتی تھی بس یہ پتہ تھا کہ اس سے طبیعت میں نرمی اور بُردباری آتی ہے غصہ کم ہو جاتا ہے پھر اس کا تجربہ میں نے خود کیا تو واقعی میری طبیعت میں نرمی آ گئی ہے۔ **(مریم عطاءاللہ)**

گندے خیالات سے نجات

حضرت صاحب! آپ نے درس میں فرمایا تھا کہ ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پیا کریں۔ یہ میں نے بارہا آزمایا ہے بہت ہی فائدہ منداور لاجواب ہے۔ میں نے منہ کے دانوں کیلئے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پیا، دانے بالکل ختم ہو گئے۔

ایک دفعہ میں بیمار ہو گئی تو دوا کے ساتھ میں نے یہ عمل کیا حتیٰ کہ کچھ بُرے خیالوں اور سوچوں کیلئے بھی میں نے یہ عمل کیا ہے ایک دن یا چند دنوں میں ٹھیک ہو گئی۔

(ج۔ا۔ع)

20 سال پُرانا بلڈ پریشر ختم

میری امی کو بلڈ پریشر کی بیماری 20 سال سے تھی B.P ہمیشہ ہائی رہتا تھا low بہت کم ہوتا تھا۔ بہت علاج کروائے لیکن B.P کی گولی روزانہ کھانا پڑتی تھی پھر کہیں جا کر Control رہتا تھا لیکن امی سے گولی پابندی سے نہیں لی جاتی تھی وہ بہت پریشان تھیں کہ یہ دوائیاں تو جان ہی نہیں چھوڑتیں۔۔۔ سب کہتے تھے: B.P کی دوائی تو ہر روز کھانی چاہیے تو پھر B.P کنٹرول میں رہتا ہے اور یہ دوائی ایک دفعہ لگ جائے تو مرنے کے بعد ہی جان چھوڑتی ہے نہ کھائیں تو مسئلہ بن جاتا ہے بلڈ پریشر بہت بری بیماری ہے۔ امی کا lowB.P تو ہوتا نہیں تھا ہمیشہ High ہی رہتا تھا، ہر وقت سرخ چہرہ اور سر میں درد رہتا تھا۔

ایک دن آپ کے درس کی کیسٹ سن رہے تھے موضوع تھا ’’وضوء کے برکت والے پانی کے کیا کیا فائدے ہیں‘‘ امی نے اسی دن سے اس پر عمل کرنا شروع کر دیا۔ ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینے شروع کر دیئے۔

یقین کریں حضرت صاحب۔۔۔! اب میں امی کا B.P چیک کرتی ہوں تو Normal رہتا ہے نہ High نہ Low امی بہت خوش ہیں دوائی سے بھی جان چھوٹ گئی ورنہ روزانہ دواء لینی پڑتی تھی اور آرام پھر بھی نہیں آتا تھا امی کا B.P بالکل ٹھیک ہو گیا صرف اور صرف ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ کی برکت سے۔۔۔۔

اللہ کا کرم ہے کہ بیس سال پرانے بلڈ پریشر سے جان چھوٹ گئی اور B.P نارمل ہونے لگا۔ اب ہم سب بھی ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ ضرور پیتے ہیں اس کے علاوہ امی کے گھٹنوں میں درد رہتا تھا، جسم میں درد تھا اللہ کے کرم سے وہ بھی ختم ہو گیا اب چکر بھی کم آتے ہیں یہ بہت بابرکت پانی ہے۔ **(ہمشیرہ ریاست)**

کمر کے درد سے مستقل آرام

میری کمر میں بائیں جانب شدید درد رہتا تھا۔ میں Injection لگوا لیتا تھا جس سے 3/2 دن فرق رہتا لیکن پھر درد شروع ہو جاتا پھر میں نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ کا عمل شروع کیا اس سے مجھے آرام آ گیا اور اللہ کا کرم ہے کہ مجھے شفاء ہوئی۔ **(آصف محمود صاحب)**

نا اُمید مریضہ کی کھانسی کا علاج

میری ’’Readymade‘‘ کپڑوں کی دکان ہے۔ پچھلے دنوں میرے پاس شاپنگ کیلئے ایک خاتون آئیں اُنہیں بہت زیادہ کھانسی آ رہی تھی حتیٰ کہ کھانستے کھانستے اُن کا سانس اُکھڑنے لگا۔ میں اس وقت دکان پر بیٹھا دو انمول خزانے پڑھ رہا تھا۔ میں نے جلدی سے گلاس میں پانی لے کر اس پر دو انمول خزانے کے وظیفے کی پھونک ماری اور کہا کہ آنٹی یہ پی لیں۔۔۔۔، اس سے انہیں افاقہ ہوا۔

میں نے کہا کہ ایسا کریں ہر ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ اس کھانسی کی نیت سے پیا کریں اور **اَللّٰہُ شَافِیْ، اَللّٰہُ کَافِیْ اور اَللّٰہُ مُعَافِیْ** کہہ لیا کریں۔ اگلے ہفتے وہ خاتون دوبارہ میری دُکان ڈھونڈتے ہوئے آئیں اور بے ساختہ کہنے لگیں کہ میرے گھر میں سارے ڈاکٹر ہیں۔ میں نے ان سے بھی علاج کروایا اور پھر دبئی جا کے بھی اور پتہ نہیں کہاں کہاں سے اپنا علاج کرایا، یہاں تک کہ تمام ہسپتالوں کا چکر لگایا لیکن میرا مسئلہ حل نہیں ہوا۔

جب سے میں نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ والا عمل کیا میں شفایاب ہو گئی میں نے دوبارہ ٹیسٹ کروائے سارے ’’TestClear‘‘ ہو گئے۔ مجھ سے سارے پوچھتے ہیں کہ کہاں سے علاج کروایا۔۔۔؟ کون سے ڈاکٹر کے پاس گئی تھیں۔۔۔؟ اب وہ خاتون بھی سب کو یہی عمل بتاتی ہیں۔ میں نے اس خاتون کو دو انمول خزانے بھی

دیئے اور وہ کہہ رہی تھیں کہ میں انشاءاللہ تسبیح خانے درس سننے بھی ضرور جایا کروں گی۔ **(محمد ساجد صاحب، اچھرہ لاہور)**

ناک کا دانہ ختم

حضرت جی! دومرتبہ ایسا ہوا کہ میرا منہ پک جاتا تھا کہ میں کچھ کھا نہیں سکتی تھی میں نے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** اس نیت سے پیئے تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء عطا فرمائی۔ میں نے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** کو نگاہوں کی بدنگاہی سے حفاظت کیلئے پیئے تو اللہ تعالیٰ نے میری نظروں کی بھی حفاظت فرمادی۔

میری ناک کے دائیں نتھنے میں دانہ بنا ہوا تھا اور وہ اتنا بڑا تھا کہ جس کی وجہ سے میری ناک بند ہوگئی۔ میں نے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پیئے اس سے میری تکلیف دور ہوگئی۔ گزشتہ دنوں مجھے بخار تھا نزلہ، زکام، کھانسی، سر میں درد، اور سارا جسم درد کر رہا تھا۔ آپ یقین کریں۔۔۔۔۔ میں نے صرف ایک دفعہ **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پیا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء عطا فرمادی۔

بلڈ پریشر Normal ہوگیا

میرا بلڈ پریشر ہر وقت ہائی رہتا تھا لیکن **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پی کے چوتھا گھونٹ اپنے سر پر ڈال لیتا ہوں اس سے میرا بلڈ پریشر Normal رہتا ہے اور اسی پانی کی برکت سے میرا معدہ بھی ٹھیک رہتا ہے اور اس میں کوئی تیزابیت، تبخیر وغیرہ نہیں ہوتی۔ اللہ پاک کا شکر ہے کہ جو اعمال یہاں تسبیح خانے سے ملتے ہیں وہ اختیار کر لیتا ہوں اور آگے بھی بتاتا رہتا ہوں۔ **(محمد عبدالقیوم صاحب)**

جگر اور پیٹ کے درد سے نجات

دوسال پہلے میرے پیٹ میں شدید درد ہوا۔ کئی ڈاکٹروں کو دِکھایا لیکن کسی کو بھی مرض کی اصل وجہ معلوم نہ ہوئی پھر ایک دوست کے ذریعے بڑی مشکل سے آغا خان ہسپتال کے ایک ڈاکٹر سے وقت لیا۔ ان سے چیک اپ کروایا تو انہوں نے بتایا کہ آپ کے جگر کے اُوپر چربی آرہی ہے جس کی وجہ سے وہ پسلیوں سے ٹکراتا ہے تو درد ہوتا ہے۔ میں آپ دامت برکاتہم کی خدمت میں آیا۔ آپ نے مجھے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** والا عمل بتایا اور دوائی دی، میں نے وہ عمل شروع کر دیا اور **تیسرا گھونٹ** آدھا پی کے باقی آدھا میں اپنے پیٹ پر مل لیتا تھا۔ اس سے اتنا فائدہ ہوا کہ درد کی شدت بالکل ختم ہوگئی اور میرا مسئلہ حل ہوگیا۔ الحمدللہ چھ ماہ کا عرصہ بالکل خیریت سے گزر گیا ہے کوئی تکلیف نہیں ہے۔ **(تنویر احمد)**

سینے کی جلن سے چھٹکارا

میرے سینے کے اندر ایک جلن مسلسل رہتی تھی۔ میں نے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** اس کی نیت کر کے پینا شروع کر دیئے جلن بالکل ختم ہوگئی ہے۔

(بنت گل خان، اسلام آباد)

چہرے کے داغ ختم

میرے چہرے پر الرجی تھی اور سیاہ داغ تھے کئی علاج کروا چکی تھی کوئی خاطر خواہ فائدہ نہ ہوا میں نے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پینا شروع کیا۔ اس سے مجھے 99% فرق پڑا ہے۔ **(والدہ عظیم، لاہور)**

ہر قسم کی تکلیف کے لئے

مجھے اگر سر درد ہو یا پیٹ میں تکلیف ہو غرضیکہ کوئی بھی مسئلہ ہو میں **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** اس کی نیت کر کے پیتی ہوں اور چوتھا گھونٹ درد والی جگہ پر لگا لیتی ہوں فوراً فرق پڑ جاتا ہے۔ **(ت۔ ر)**

مقعد کے دانوں کا علاج

میرے ماموں کے مقعد پر پیپ والے تین دانے ہوگئے۔ انہوں نے دو دفعہ آپریشن کروایا لیکن کوئی فرق نہ پڑتا تھا۔ دوبارہ ہو جاتے تھے۔ میری نانی اماں نے ماموں کی نیت کر کے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پینا شروع کر دیئے۔ وضوء کے پانی کی برکت سے انہیں خود پتہ نہیں چلا وہ کیسے ٹھیک ہوگئے اور تیسرے آپریشن کی ضرورت نہ پڑی۔ **(ہمشیرہ عبدالرؤف، لاہور)**

روحانی و جسمانی سکون

درس میں آنے سے ذہنی سکون اور دلی اطمینان نصیب ہوا ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے ہم اللہ کی راہ میں نکل پڑے ہیں اور حکیم صاحب ہمیں اللہ سے ملانے کا ذریعہ ثابت ہوئے ہیں۔

ایک دن میرے پیٹ میں بہت سخت درد تھا، اس پیٹ درد میں میری طبیعت بہت زیادہ خراب ہو جاتی تھی۔ میں نے اس کی نیت کر کے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پیا۔ اس کے بعد درد ایسا ختم ہوا جیسے تھا ہی نہیں۔ **(اہلیہ کرامت، لاہور)**

بازوکا درد۔۔۔منٹوں میں ٹھیک۔۔!

ایک دن بازو میں شدید درد ہو رہا تھا، اُٹھایا بھی نہیں جا رہا تھا میں نے سچی نیت کر کے **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پیئے فوراً آرام آ گیا۔ **(والدہ عمر بشیر بھٹی، لاہور)**

ہیپا ٹائٹس کا علاج

میری امی کو ہیپا ٹائٹس ’’C‘‘ تھا۔ ان کا گلا بالکل بند ہو گیا تھا پانی بھی نہ گزرتا تھا اور منہ میں چھالے نکل آئے تھے۔ میں نے انہیں **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پینے کو بتائے وہ بالکل ٹھیک ہو گئیں۔ **(اہلیہ نوید عمر شیخ، لاہور)**

ہر تکلیف کے لئے لاجواب عمل

مجھے جو بھی تکلیف ہوتی ہے **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پی لیتی ہوں فرق پڑ جاتا ہے۔ یہاں آ کر اللہ کا قرب حاصل ہوا ہے اللہ کو پانے میں زیادہ آسانی ہوئی ہے۔ ایک ولی اللہ سے ملاقات میری خواہش تھی جو پوری ہوئی۔

جس کیلئے بھی درس میں دعا مانگوں وہ قبول ہو جاتی ہے میں یہاں اپنی آخرت کو سنوارنے آتی ہوں درس میں نہ آؤں تو بے چین رہتی ہوں۔ **(مسز لئیقہ سلطان، لاہور)**

سر کا درد ختم

مجھے بہت زیادہ چکر آتے تھے جسکی وجہ سے میں اکثر باتھ روم میں گر جاتی تھی **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** اسی نیت سے پینا شروع کیے کچھ عرصے کے بعد گرنا بند ہو گئی۔ صبح اُٹھتے ہی سر میں درد ہوتا تھا لیکن **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پینے سے اب نہیں ہوتا۔ **(بنت ٹیپو سلطان، ملائکہ)**

بچے کا دودھ چھڑانے کیلئے

میری چھوٹی بیٹی دو سال کی ہوئی، میں نے اسے دودھ چھڑایا تو گائے کے دودھ یا ڈبے کے دودھ، دونوں سے اس کو شدید گلے میں تکلیف، ریشہ، بلغم، چیسٹ انفیکشن ہو جاتی تھی میں بہت پریشان تھی کسی نے کہا دودھ میں زعفران ڈال کر اُبالنے کے بعد دو، کسی نے کیا کہا کسی نے کیا۔۔۔۔ ہر طرح کی کوشش کر کے دیکھ لی دو ڈھائی ماہ گزر گئے اور ہر دس بارہ دن بعد بیٹی بیمار ہو جاتی **وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** میں نے بیٹی کی نیت سے پینے شروع کر دیئے اس کے بدولت میری بچی کو اللہ نے ایسی شفا دی کہ دونوں دودھ اس کو ہضم ہونے لگ گئے۔ وضوء کے بعد چوتھے گھونٹ کی وجہ سے میرے سر کا درد ٹھیک ہو گیا۔ اللہ کا شکر اور اللہ کا احسان ہے۔ **(سدرہ، لاہور)**

فوری طبیعت ٹھیک

کتنی ہی دفعہ بہت طبیعت خراب ہوئی بس **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پینے سے طبیعت میں فوراً بہتری آ جاتی ہے اگر بچوں کی طبیعت خراب ہو تو بھی فوراً ان کی نیت کر کے **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پی لیتی ہوں تو وہ بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ **(م۔ف)**

فوری شفاء کیلئے

آپ کے درس میں میں نے **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پینے کے فضائل و فوائد سنے تھے۔ سننے کے بعد اس پر عمل کرنے کا شوق پیدا ہوا اللہ کا شکر ہے میں جب بھی اور جس نیت سے بھی **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** پیتی ہوں مجھے اس سے فوری شفا ہو جاتی ہے۔ **(م۔ک۔ن)**

بلڈ پریشر کے مرض سے نجات

میری بڑی ہمشیرہ کی عمر 75/70 برس ہے۔ ان کو بلڈ پریشر کا مسئلہ تھا۔ ان کا بلڈ پریشر اکثر ہائی رہتا تھا تو میں نے انہیں ایک مرتبہ **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘** والا عمل بتایا لیکن انہوں نے نہ کیا، 4/3 دن پہلے انہوں نے مجھ سے فون پر پوچھا کہ آپ نے کیا عمل بتایا تھا۔۔۔؟ میں نے دوبارہ وہی عمل انہیں اچھی طرح سمجھا دیا کہ پہلے گھونٹ پر اللّٰہُ شَافِیْ دوسرے پر اللّٰہُ کَافِیْ اور تیسرے پر اللّٰہُ مُعَافِیْ کہنا ہے تو اُنہوں نے یہ عمل شروع کر دیا۔ آج جب فون پر بات ہوئی تو میں نے حال احوال پوچھا تو کہنے لگیں کہ الحمدللہ اب لگتا ہے کہ میں ٹھیک ہو گئی ہوں **(اہلیہ اعجاز صاحب)**

پتّے کا درد ختم

’’وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی‘‘ کی برکت سے پتّے کا درد ختم ہو گیا۔ مجھے کچھ دن پہلے جگر والی جگہ پر کافی شدید درد تھا اور کبھی کم ہو جاتا تھا کبھی زیادہ ہو جاتا تھا اور کبھی آرام آ جاتا تھا لیکن کچھ دنوں سے کافی زیادہ اور مسلسل ہو رہا تھا تو میں نے **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ‘‘** اس درد کا تصور کر کے پیئے تو صرف دو دن کے اندر آرام آ گیا وہ دن ہے اور آج تقریباً پانچ سے چھ ماہ ہو گئے ہیں پھر کبھی نہیں ہوا۔

میرے پاؤں کے انگوٹھے کا ناخن اندر جلد میں چلا گیا اور وہاں پر ریشہ پڑ گیا ڈاکٹروں کے پاس اس کا ایک ہی حل تھا کہ ناخن نکلوا دیں تب یہ ٹھیک ہو گا کیونکہ ناخن جلد میں چلا گیا ہے تو اس سے انفیکشن ہو گیا ہے لیکن میں نے **’’وضوء کے بعد تین گھونٹ‘‘** اس نیت سے پیئے اور چوتھا گھونٹ اس زخم پر لگایا صرف دو سے تین بار یہ عمل کیا تو میرا وہ زخم بالکل ٹھیک ہو گیا۔ درد اور شوزش بھی ختم ہو گئی اور یہ سب **’’وضوء کے بچے ہوئے پانی‘‘** کی برکت سے ہوا۔ سبحان اللہ۔ **(حکیم عمر حبیب، گوجرانوالہ)**

روحانی سکون

’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ سے روحانی سکون ملا اور بُرے خیالات اور وسوسوں سے نجات ملی اس کے علاوہ پیٹ کی خرابی سے نجات ملی۔

آپ کی تعلیمات اور درس میں حاضری سے فلموں، گانوں اور دوسرے مکروہات سے نجات مل گئی جس کی وجہ سے ہمیشہ آپ کے لئے دعا گو رہوں گا۔ **(عبدالباسط)**

کمزوری دور ہوگئی

محترم حکیم صاحب! پچھلے درس میں مجھے بہت کمزوری محسوس ہو رہی تھی اور میرے پاؤں کی ’’veins‘‘ ایک دوسرے کے اندر جا رہی تھیں میں نے وضوء کے لئے اسی حالت میں ہمت کی اور ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پیئے اور ساتھ ہی گیارہ بار ’’**یَاحَفِیْظُ**‘‘ پڑھ کر دم کیا تو درد ٹھیک ہوگیا۔ **(فرحت، لاہور)**

ہر دواء میں شفاء

میں ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پیتی ہوں اور چوتھا گھونٹ لے کر اُس پر شفاء کی نیت سے ہر نماز کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتی رہی، اور تاثیر بڑھانے کے لیے زم زم کا پانی اور بارش کا پانی دونوں ملا کر اس سے دوائی لیتی ہوں۔ میرے کریم رب نے ایسا کرم کرنا شروع کیا ہے کہ مجھے شفاء نصیب ہوگئی **(ج۔ص)**

نزلہ زکام ختم

مجھے کئی دنوں سے نزلہ اور زکام تھا۔ وضوء کرنے کیلئے بیٹھی تو دل میں ایک بات آئی کہ اگر ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ اس نیت سے پیوں تو نزلہ ختم ہو جائے گا میں نے پانی پیا تو واقعی ختم ہوگیا ایسا اور بھی کئی بار اور کئی معاملوں میں ہوا ہے۔

حضرت صاحب! میری کلاس میں ایک دوست ہے اس نے مجھ سے کہا کہ میرے لئے دعا کرو کہ میں نماز پڑھنے لگ جاؤں مجھ سے نماز کی پابندی بالکل نہیں ہوتی میں نے اُس لڑکی کو ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ کا عمل بتایا۔ وہ یہ عمل لے کر بہت خوش ہوئی اور مجھے کہنے لگی کہ جو بھی تم درس میں سنا کرو وہ مجھے بھی ضرور بتایا کرو۔ میں اس کو آہستہ آہستہ اعمال بتاتی ہوں جیسا کہ حضرت جی! آپ ہمیں آہستہ آہستہ ہماری سمجھ کے مطابق اعمال بتاتے ہیں تا کہ ہضم ہو جائیں تو اُس لڑکی نے عمل بہت خوش دلی سے کیا ایک ہفتہ کی چھٹیوں کے بعد وہ مجھے ملی تو بہت خوشی سے بتایا کہ میں نے عمل کیا اور میں نماز پڑھنے لگ گئی ہوں مجھے حد درجہ کی خوشی ہوئی میں نے اسے کہا کہ تفصیلاً بتاؤ تو کہنے لگی کہ پہلے میں نے وضوء کیا اور ساتھ ہی ’’**وضوء کے تین گھونٹ پانی**‘‘ کا عمل بھی یاد آ گیا تو اپنے دل کو روشن کرنے کی نیت سے تین گھونٹ پانی کے پیئے پھر قرآن پاک کی تلاوت شروع کر دی پھر ظہر کی اذان ہوئی تو کچھ دیر بعد ظہر کی نماز پڑھی۔ کہنے لگی کہ آج میرا خود بخود دل کیا کہ میں نماز پڑھوں یہ سب کچھ اس بابرکت عمل کی وجہ سے ہوا اب میرا دل بہت مطمئن ہے۔ **(شیزہ ماہین)**

ٹانسلز کی تکلیف ختم

مجھے پچھلے ہفتے ٹانسلز کی بہت سخت تکلیف ہوگئی تھی یہاں تک کہ مجھ سے لعاب بھی اندر لے جانا مشکل ہو گیا تھا تو میں نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ اس نیت سے پینا شروع کر دیا تقریباً دو دن ہی پیا تھا اس سے ٹانسلز کا مسئلہ مکمل ختم ہو گیا اور ایسے تکلیف ٹھیک ہوئی کہ جیسے کبھی ہوئی ہی نہیں تھی یہ سب اعمال سے ممکن ہوا۔ **(حکیم عمر حبیب)**

فالج کے مرض سے نجات

میری چھوٹی بہن امریکہ میں رہتی ہے۔ رمضان کے مہینے میں اس کو بائیں جانب فالج ہو گیا۔ وہ کافی پریشان تھی اس کا بلڈ پریشر بہت زیادہ ہائی ہو گیا تھا۔ میں نے کہا کہ تم سب کچھ چھوڑو میں تمہیں دو چیزیں بتاتا ہوں ایک تو ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ**‘‘ پانی اس کی نیت سے پی لیا کرو اور دوسرا تم 7 مرتبہ اذان پڑھ کر اپنے دائیں بائیں کان میں پھونک مار لو۔ اس نے کہا کہ میں پنج سورہ پڑھ رہی ہوں میں نے کہا کہ تم وہ بھی پڑھتی رہو اور یہ عمل بھی کر لو۔ رمضان بھی گزر گیا اور عید بھی گزر گئی۔ انہی دنوں میری بہن کا فون آیا اور کہنے لگی کہ آپ نے جو ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ والا عمل بتایا تھا اس سے میرا فالج اور بلڈ پریشر سب کچھ ٹھیک ہو گیا ہے۔ وہ مجھے دعائیں دے رہی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آج کل میں پھر اس سے بات ہو جائے اب وہ اتنی خوش ہے اور مجھے دعائیں دے رہی ہے۔ اگر مزید اس سے بات ہوگی تو وہ بھی انشاء اللہ عرض کر دوں گا۔

ڈینگی بخار کا علاج

پچھلی دو جمعرات میں بخار کی وجہ سے درس پر نہیں آ سکا مجھے ڈینگی ہو گیا تھا۔ یہ بخار ہی عجیب تھا کہ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ یہ میرے ساتھ، اہلیہ کے ساتھ اور میری بیٹی کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ سارا گھر ڈینگی بخار میں مبتلاء تھا نہ نماز پڑھنے کو دل کر رہا تھا اور جسم میں بالکل ہمت نہ تھی ہم نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینے والا عمل شروع کر دیا ماشاء اللہ الحمدللہ۔۔۔! آج میں اِدھر کھڑا ہوں۔ میں نے ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پیتے ہوئے بخار سے شفایابی کی نیت کی۔

ڈاکٹر کبھی کہتے تھے کہ پلیٹ لیٹس کم ہو گئے ہیں کبھی کہتے زیادہ ہو گئے۔۔۔، پندرہ دن اسی چکر میں پڑے رہے، اب کوئی ٹیسٹ نہیں کروایا۔ میں پہلے بھی ’’**تین گھونٹ پانی**‘‘ پیتا تھا اب وہ روٹین دوبارہ جاری ہوگئی ہے۔ **الحمدللہ۔۔۔!**

الرجی کا خاتمہ

مجھے تقریباً ہر سال رمضان میں الرجی ہو جاتی تھی۔ تو میں ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ پینے والا عمل کرتا رہا۔ اس عمل کی برکت سے میری الرجی ختم ہوگئی۔ خاص طور پر جب میں سفر کرتا تھا تو جسم پر دھپڑ پڑ جاتے تھے۔ اب وہ مسئلہ ختم ہو گیا ہے میں ہر بار ’’**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**‘‘ اس نیت سے پیتا تھا اور الرجی سے شفاء کا تصور ذہن میں

لاتا تھا اب الحمدللہ۔۔! وہ بیماری دور ہوگئی ہے۔ **(خدا بخش صاحب، سول سیکرٹریٹ)**

شوگر کنٹرول رہتی ہے

مجھے شوگر تھی جو 265-260 تک رہتی تھی۔ اب میں اس کی نیت سے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پیتا ہوں اور میری شوگر 130-140 تک ہی رہتی ہے اب میں میٹھا وغیرہ بھی کھالیتا ہوں اور کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ **(مراد علی)**

اپنا کاروبار مل گیا

میرے بھائی نعیم صاحب لالہ موسیٰ میں رہتے ہیں پچھلے دنوں گجرات میں بائیس تاریخ کو جو حضرت جی دامت برکاتہم کا درس ہوا ہے اس میں حاضری دینے کیلئے میرے بھائی نے اپنے مالک دُکان سے چُھٹی مانگی۔ لیکن اس نے چھٹی دینے سے انکار کر دیا۔

میرے بھائی نے کہا کہ نوکری رہے یا نہ رہے میں نے درس میں ضرور حاضر ہونا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں درس میں حاضر ہوا وہاں حضرت حکیم صاحب نے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پینے والا عمل اور اس کے فوائد بتائے۔ میرے بھائی اکثر نوکری کیلئے پریشان رہتے تھے اور سوچتے تھے کہ اپنا کوئی کاروبار ہو انہوں نے یہ عمل صرف دو مرتبہ عصر کے وقت اور مغرب کے وقت کیا۔

اس کے بعد پتہ نہیں کہاں سے ایک اللہ کا بندہ آیا تو اس نے پوچھا: کیا کرتے ہو؟ بھائی نے کہا کہ ابھی ابھی نوکری سے فارغ ہوا ہوں۔ اس نے کہا: کوئی بات نہیں اللہ بہت کریم ہے تم میرے ساتھ کام کرو۔ تم کام کو اچھے طریقے سے جانتے ہو ساری انویسٹمنٹ میری ہوگی اور میں تمہیں بچت کا پچاس فیصد دوں گا۔۔۔۔ جب بھائی میرے پاس ملنے آئے تو ان کی دکان میں فٹنگ کا کام شروع ہو چکا تھا، یہ سب **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پینے کی برکت ہے۔ **(عبدالمنان صاحب)**

سردیوں میں زکام سے حفاظت

ان سردیوں میں سخت زکام اور گلے کے خرابی کی شکایت بہت محسوس کی **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پیئے تو سردیوں میں دوبارہ تکلیف نہیں ہوئی۔ جو کہ اکثر سردی کے موسم ہو جاتی تھی۔ **(ثمینہ کوثر، راولپنڈی)**

معدے کا مسئلہ حل

اپنے سسرال گئی تو وہاں میں نے سب کو **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** والا عمل بتایا کیونکہ کسی کو شوگر ہے، کسی کو معدہ کی پرابلم ہے مجھے بھی چونکہ معدے کا مسئلہ بہت زیادہ تھا، بہت سال دوائی کھانی پڑی جب تک کھاتی رہی ٹھیک رہی جونہی چھوڑی پھر وہی مسئلہ اب ساتھ بلڈ پریشر ہونے لگ گیا آخر جب **”وضوء کے بعد تین گھونٹ“** والا عمل پتہ چلا اور اس کو کیا تو آج میں الحمدللہ بالکل ٹھیک ہوں۔ **(ث۔ک)**

بالوں کا گرنا بند

میرے بال بہت زیادہ گرتے تھے میں جب بھی کنگھی کرتا تو میرے ہاتھ میں بال آجاتے۔ پھر میں نے **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** اس نیت سے پینا شروع کر دیا اور چوتھا گھونٹ سر کے بالوں پر چھڑک دیتا اب الحمدللہ بال بالکل نہیں گرتے اور میں بالکل ٹھیک ہوں۔ **(شاہد صاحب)**

بغیر گولی کے ایڑی کا درد ختم

میرے پاؤں کی ایڑی میں بہت درد تھا، کئی مہینے ہو گئے تھے اسپتال والوں نے درد کی گولیاں دیں لیکن ان کے کھانے سے کوئی فائدہ نہیں ہوا میں بہت پریشان تھی کیونکہ میں شوگر کی مریضہ بھی ہوں ایک دن مجھے یہ خیال آیا کہ میں دوسروں کو **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پینے کے فائدے بتاتی ہوں میں خود کیوں نہ وہ پانی پیوں؟ تین دن میں نے مسلسل **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** پیا اور اللہ وتبارک تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس مالک نے مجھے شفاء عطا فرمائی اب میں نے کوئی گولی وغیرہ نہیں کھائی اور ماشاء اللہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ اللہ کا شکر ہے۔ **(نائلہ جاوید، لاہور)**

بڑے بڑے دانوں کا علاج

میرے محلہ میں ایک لڑکی کو بہت بڑے بڑے دانے نکل آئے وہ میرے پاس آئی تو میں نے اُس کو **”وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی“** کا طریقہ سمجھایا پھر وہ چار دن کے بعد آئی اور حیران رہ گئی۔ اور کہنے لگی آنٹی۔۔۔۔! ماشاء اللہ بہت زبردست عمل ہے میں بالکل ٹھیک ہوگئی ہوں اللہ کا شکر ہے۔ **(د،م،ش)**

یرقان کا علاج

میرے پاس کتابیں دینے کے لیے گلی میں چند بچیاں آتی ہیں۔ میں اُن سے اسلامی کتابیں خریدتی ہوں۔ وہ جب بھی آتی تھیں تو کہتیں کہ ہماری والدہ بیمار ہیں آپ ہماری مدد کریں میرے پاس جتنی توفیق ہوتی ہے دے دیتی ہوں۔

آخر میں نے ایک دن اُن سے پوچھا: تمہاری والدہ کو کیا بیماری ہے۔۔۔؟ تو انہوں نے بتلایا کہ ان کو یرقان ہے اور وہ بستر پر ہی لیٹی رہتی ہیں۔ میں نے ان بچیوں کو ”

وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' پینے کا طریقہ سمجھا دیا پھر جب وہ دوبارہ آئیں تو میں نے ماں کا حال پوچھا، تو بچیوں کے چہرے کھلے ہوئے تھے اور بولیں کہ اماں جی بستر سے اٹھ گئی ہیں اور ٹھیک ہوگئی ہیں۔ **(ام رمان)**

بیماریوں کا مجموعہ

میری خالہ جو پنڈی میں مقیم ہیں وہ شوگر کی مریضہ ہیں وہ بہت زیادہ بیمار رہتی تھیں۔ میں نے فون پر ان کو ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' پینے کیلئے تاکید کی اور انہوں نے اپنی ہر بیماری کیلئے باری باری ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' پیئے۔ اُن کو ایک ایک کر کے سب بیماریوں سے شفاء ملنی شروع ہوگئی۔
اب انکو اس عمل کا بہت یقین ہوگیا ہے، اب وہ کہتی ہیں کہ میرے اندر ایک نئی طاقت سی آگئی ہے جبکہ میں آج کل طاقت کیلئے کوئی غذا نہیں لے رہی اور بیماریاں بھی ٹھیک ہوگئی ہیں۔ اللہ کا شکر ہے۔ **(یاسمین)**

انگوٹھے کا زخم ٹھیک

محترم حکیم صاحب! میرے ہاتھ کا انگوٹھا دروازے میں آگیا تھا اور مجھے اتنا شدید درد محسوس ہو رہا تھا کہ آنسو تھم ہی نہ رہے تھے یہ جمعرات کا واقعہ ہے پھر میرے جی میں آیا کہ ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' اسی نیت سے پیوں گی تو انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گا۔ پھر میں نے دن میں کئی بار چوتھا گھونٹ اس انگوٹھے پر ڈالا، میں اب الحمدللہ ٹھیک ہوں۔
(ش۔ب)

چہرے کے دانے، داغ، دھبے ختم

حضرت صاحب کے بتائے ہوئے ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' پر عمل کرنے سے میں نے اپنی دعائیں قبول کروائی ہیں۔ میرے چہرے پر دانے اور داغ تھے جس کی وجہ سے بہت پریشان تھی ہر قسم کی سنی سنائی پر عمل کیا لوشن وغیرہ استعمال کئے اور کئی گھریلو ٹوٹکے آزمائے کوئی فرق نہیں پایا۔
میرے استادِ محترم مولانا سلیم صاحب نے بتایا: وضوء کرنے کے بعد وضوء کے بچے ہوئے پانی کے **تین گھونٹ** آخر میں جس نیت سے یا جس دعا کے ساتھ پئے جائیں وہ ضرور پوری ہوگی۔ (انشاء اللہ العزیز)۔ جب میں نے ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' والا عمل کیا تو مجھے کسی کریم یا ٹوٹکے کی ضرورت نہیں رہی اور میرے چہرے پر ایک بھی دانہ نہ رہا اور میری پریشانی ختم ہوئی۔ **(بنت محمد حنیف قریشی، کنڈیارو)**

گلے کی تکلیف کا علاج

حضرت جی! میں نے ایک دوست کو ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' کا عمل بتایا تھا کہتا ہے ایک دن میرا گلا بہت خراب تھا بہت سخت تکلیف تھی، میں نے یہ عمل کیا اور میرا گلا حیرت انگیز طور پر ٹھیک ہوگیا۔ **(م۔ھ۔ق)**

پیٹ میں جلن کا خاتمہ

حضرت! میرا ایک دوست پیٹ میں جلن کے مرض میں مبتلاء تھا جب آپ یہاں تشریف لائے تھے تو اس نے درس کے اندر ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' والے عمل کے بارے میں سنا تھا تو اُس نے اِس پر عمل کیا اور مجھے بتایا کہ جیسے ہی ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' پیا مجھے یاد ہی نہیں رہا کہ کب جلن ختم ہوگئی۔ ''**وضوکے بعد تین گھونٹ پانی**'' سے سب تکلیفیں دور ہوگئیں۔ **(جبران رحمان)**

دانت کی تکلیف ختم

محترم حکیم صاحب! فجر سے کچھ دیر پہلے تین بجے کے قریب میرے دانت میں شدید درد تھا میں نے فجر کی نماز کے لئے وضوء کیا اور ''**تین گھونٹ پانی**'' **اَللّٰہُ شَافِیْ، اَللّٰہُ کَافِیْ** اور **اَللّٰہُ مُعَافِیْ** کہہ کر پی لیے اور دل میں دانت کے درد سے نجات کی دعا کی اور نماز پڑھنے کے لیے کھڑا ہوگیا، کچھ دیر کے بعد میرے دانت کا درد ٹھیک ہوگیا اور میں خوش ہوگیا کہ عمل چھوٹا اور آسان مگر نفع بے حساب ہے۔ **(زبیر احمد)**

مضبوط وضوء کیلئے

آپ نے مجھے ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی**'' کا عمل بتایا تھا میرا وضوء بار بار ٹوٹ جاتا تھا یہ حالت تھی کہ وضوء کر کے مسجد تک جاتا پھر دوبارہ کرنا پڑتا یا وضوء کر کے تلاوت شروع ہی کرتا کہ پھر وضوء کی حاجت ہوجاتی تھی اس عمل کی برکت سے اللہ رب العزت نے اتنا کرم کیا کہ میری یہ تکلیف بالکل ختم ہوگئی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ آپ کو لمبی عمر دے آپ کا سایہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین **(عابد مانسہرہ)**

بواسیر سے شفاء

ایک شخص نے بتایا کہ مجھے ''**وضوکے بعد تین گھونٹ پانی**'' پینے سے بواسیر کی بیماری سے شفاء ملی ہے۔ **(میاں کبیر)**

جلا ہوا زخم

میں ''**وضوء کے بعد تین گھونٹ**'' کے فائدے کے بارے میں بتانے کیلئے یہ خط لکھ رہی ہوں۔

رمضان کریم شروع ہوا تو سحری میں پراٹھے بنا رہی تھی کہ میرے بازو پر گرم گرم گھی گر گیا کافی زیادہ تکلیف ہوئی میں نے فوراً شہد لگایا اور پھر فارغ ہو کر بارش کے پانی سے دھو کر مرھم سکون لگائی، جب وضوء کرنے لگی تو ذہن میں خیال آیا کہ روزے میں تین گھونٹ پانی پی تو نہیں سکتی کیوں نہ اِس زخم پر ہی **''وضوء کے بعد تین گھونٹ''** ڈال کر اللہ پاک سے دعا کروں اللہ پاک شفا دینے والا ہے۔ میں نے یہ عمل کیا تو Skin پر جھلی سی آ گئی اللہ کا شکر ہے چھالا نہیں بنا۔

ہر دفعہ وضوء کرتے وقت ایسا ہی کیا **''آخری تین گھونٹ''** اس زخم پر ڈالتی رہی چند دنوں میں ہی Skin صاف ہونا شروع ہو گئی نہ ہی کوئی جلن ہوئی اور نہ ہی خارش ہوئی حیرت انگیز طور پر زخم ٹھیک ہو گیا حالانکہ اِس سے پہلے میرے دوسرے ہاتھ کے اوپر آئل گرا تھا لیکن ابھی بھی اس ہاتھ پر خارش ہوتی ہے اور نشان بھی ہے۔

میں نے یہ بتانا فرض سمجھا کہ **''وضوء کے تین گھونٹ''** کے جہاں اور بہت سے فوائد ہیں ایک فائدہ جو مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہوا وہ ضرور بتاؤں۔

حضرت صاحب! اپنی دعاؤں میں مجھے بھی یاد رکھیے گا اللہ تعالیٰ ہمارے رزق میں برکت ڈالے اور ہر بیماری سے محفوظ رکھے اور اولاد کو نیک اور فرمانبردار بنائے۔ آمین

(فوزیہ اویس)

شفاء ہی شفاء

''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی'' میں جس نیت سے پیتی ہوں وہ میرا کام بن جاتا ہے۔ ایک بار میرے دانت میں درد تھا تو وہ **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پینے سے ٹھیک ہو گیا اور ایک بار شدید کھانسی آ رہی تھی **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پیئے اور حاجت کے نفل پڑھے پھر میں سکون کی نیند سو گئی، پتہ چلا کہ **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** میں شفاء ہی شفاء ہے۔ **(فرحت، لاہور)**

پھٹی ایڑیاں اور آنکھ کا درد

کچھ دنوں سے میری ایڑیوں میں بہت درد تھا کیونکہ پاؤں بہت بری طرح سے پھٹ چکے ہیں، میں **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پیتی ہوں اور چوتھا گھونٹ پانی کا ایڑیوں کے درد سے شفا یابی کی نیت سے اس پر لگاتی ہوں **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** کی برکت سے میری ایڑیاں بالکل ٹھیک ہوتی جا رہی ہیں۔

حکیم صاحب! میری آنکھوں میں جب بھی درد ہوتا ہے میں **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پی کر چوتھا گھونٹ آنکھوں پر لگاتی ہوں الحمدللہ پہلی دفعہ ہی میں میرا درد غائب ہو جاتا ہے۔ **(س۔ن)**

درد ٹانگ میں ہو یا ہاتھ میں۔۔۔

میرے جسم کے کسی بھی حصے میں سر میں، ٹانگ یا ہاتھ میں درد ہو تو **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پینے اور چوتھا گھونٹ درد والی جگہ پر ملنے سے شفاء ملتی ہے اور فوراً آرام آ جاتا ہے اور اللہ پاک بہت زیادہ آسانیاں پیدا کرتے ہیں۔ **(عبدالمنان صاحب)**

منہ کے چھالے، گیس اور کئی بیماریوں کا علاج

حضرت آپ کا سرگودھا کا درس میں نے اپنے web page پر share کیا تو میرے بھائی نے موبائل پر download کر کے سنا۔ بقول اس کے کہ صرف ایک درس نے مجھے کمال دے دیا۔ **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پینے لگا تو اس سے گیس کا مسئلہ حل ہو گیا۔ اس **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** سے تو خود میرے بھی بہت سے مسائل حل ہوئے، میرے منہ میں چھالے نکلتے تھے وہ ختم ہو گئے اس کے علاوہ ہاضمہ ٹھیک رہتا ہے ایک دوست کو بتایا اس کے چہرے پر الرجی ہوتی تھی اس نے **''وضوء کے بعد تین گھونٹ پانی''** پیئے اور چوتھا گھونٹ چہرے پر لگایا تو کافی افاقہ ہوا۔ **(جلیل احمد)**

کرپٹ فائل کا کھل جانا

میں کمپیوٹر پر بہت اہم کام کر رہا تھا کام کرتے کرتے اچانک وہ فائل بند ہو گئی اور میں شدید پریشانی کے اندر مبتلاء ہو گیا تمام کوششیں ہی ناکام رہیں کچھ سمجھ نہ آتا تھا کہ کیا کروں پھر میں نے **''وضوء کا بچا ہوا پانی''** اس پریشانی کے حل ہونے کی نیت سے پیا اور وہ فائل کُھل گئی۔ **(عبدالرافع، کراچی)**

خواتین کے لئے فرشتوں اور پرندوں کی دعا

ایک حدیث میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو عورت اپنے شوہر کی تابعدار و مطیع ہو اسکے لئے پرندے ہوا میں استغفار کرتے ہیں، مچھلیاں دریا میں، فرشتے آسمانوں میں اور درندے جنگلوں میں استغفار کرتے ہیں۔ (معارف القرآن)

☆☆☆

فرشتے مصافحہ کرنے لگیں

ایک مرتبہ سخت سردی میں ایک شخص کو دیکھا کہ جان بچانے کی بہت زیادہ فکر کر رہا ہے تو حضرت مرشدی خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ ''

اگر تم اتنی محنت یا فکر اپنے ایمان بچانے کے لئے بھی کر لو تو فرشتے تم سے مصافحہ کرنے لگیں‘ ارے اللہ والو! تم اپنی آنکھوں سے دیکھو گے کہ فرشتے تم سے مصافحہ کر رہے ہیں۔ یہ ایمان سب سے قیمتی متاع ہے اس کو بھی بچانے کی فکر کرو!

ایک دفعہ ارشاد فرمایا کہ جتنا تھانیدار سے ڈرتے ہو اتنا ہی اگر اللہ سے ڈر جاؤ تو کام بن جائے گا اور تمھیں اللہ کی محبت حاصل ہو جائے گی....!

قبولیتِ دعا کا راز بچوں سے دعا کرانا

حضرت مرشدی خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ دعا کیلئے یہ عمل نہایت ہی اکسیر کا درجہ رکھتا ہے کہ طاق تعداد میں چھوٹے بچوں کو ساتھ لے کر ان کے لئے کوئی میٹھی شیرینی وغیرہ یا جو اُن بچوں کی پسندیدہ چیز ہو وہ بنا کر بیٹھ جاؤ اور اللہ پاک سے دعا کرو اور بچے آمین کہیں تو ان شاء اللہ، اللہ پاک ضرور سنیں گے۔ اور یہ دعا ضرور قبول ہوگی کیونکہ بچے گناہوں سے پاک اور معصوم ہوتے ہیں۔

☆ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ بچوں کو پیار کرنا بھی اللہ کو خوش کرنا ہے۔

☆ ایک مرتبہ حضرت خواجہ سید باقی باللہ دہلوی رحمہ اللہ کی زبان سے یہ الفاظ نکل گئے کہ اب مجھ میں صبر وتحمل اور توکل کا اس قدر مادہ پیدا ہو گیا ہے کہ میں اب بڑی سے بڑی مصیبت پر بھی صبر کر سکتا ہوں۔ ان کا یہ کلمہ اللہ پاک کو ناپسند ہوا عتاباً اور تنبیہاً آپ کا فوراً پیشاب بند ہو گیا اور آپ مچھلی کی طرح تڑپنے لگے قلب پر القا ہوا کہ مکتب کے بچوں سے جا کر دعا کراؤ۔ آپ نے بچوں سے دعا کروائی اور بچوں کی دعا کی بدولت آپ کو اس تڑپا دینے والی بیماری سے شفا ملی۔

☆ آپ ﷺ بچوں کے ساتھ نہایت ہی شفقت کا معاملہ فرمایا کرتے تھے ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے، گود میں بٹھا لیتے انکا بوسہ لیتے، کندھے پر اٹھا لیتے اور اگر کوئی بچہ آپ کے جسم مبارک پر پیشاب کر دیتا تو آپ ناگواری کا اظہار نہ فرماتے، مجلس میں بیٹھے ہوئے بچے کو دگنی میٹھی چیز عطا فرماتے اور بچوں پر شفقت ورحم نہ کرنے والوں کو پسند نہ فرماتے۔

حضور ﷺ کی ایک حدیث کا مفہوم ہے جس مسلمان کی دو بیٹیاں ہوں اور وہ ان سے اچھا برتاؤ کرے اور انکی بہترین پرورش کرے تو اس نیکی کی وجہ سے اس کے والدین کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

بچے کیا ہیں.....؟

مختلف لوگوں سے یہ سوال کیا گیا بچے کیا ہیں؟

مالی نے کہا: بچے پھول کی مانند ہیں جو طرح طرح کی خوشبوؤں اور دیدہ زیب رنگوں میں دنیا کے ہر باغ میں موجود ہیں۔

ادیب نے کہا: بچے ایک کتاب کی مانند ہیں، جس کو بغیر پڑھے معلومات حاصل نہیں ہو سکتیں۔

درزی نے کہا: بچے ایک بغیر سلے ہوئے کپڑے کی مانند ہیں ان کی تراش خراش میں جتنی زیادہ محنت کی جائے اتنے ہی دیدہ زیب سلیں گے۔

طبیب نے کہا: بچے ایک ایسی دوا کی مانند ہیں جو دل ودماغ کو سکون پہنچاتی ہے اور صحت کے لیے ضروری ہے۔

مصور نے کہا: بچے ایک ایسی تصویر کی طرح ہیں جسمیں جتنے زیادہ خوبصورت رنگ بھرے جائیں وہ اتنی ہی خوبصورت نظر آئے گی۔

شاعر نے کہا: بچے پیار محبت پاکیزگی اور معصوم شرارتوں کا حسین امتزاج ہیں۔

☆ بچے ہمارے پاس اللہ تعالیٰ کی ایک قیمتی نعمت اور امانت ہیں ان کی صحیح تربیت کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ سمجھدار مالی شروع ہی سے پودے کی حفاظت اور تراش خراش کرتا ہے شروع میں غفلت کرنے کا نتیجہ ٹیڑھے اور بدنما درخت کی صورت میں ملتا ہے۔ لیکن اب پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں۔

عربی کا مشہور مقولہ ہے:

خَیْرُ الْاَشْغَالِ تَھْذِیْبُ الْاَطْفَالِ

بہترین مشغلہ بچوں کی تربیت کرنا ہے۔

oooooooooooooooooooooooooooooooooooooooooooo